| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: بدلتی دُنیا

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ جان سکیں کہ موجودہ دور کی زندگی، خوراک، ذرائع ابلاغ اور لباس وغیرہ کے لحاظ سے ماضی سے مختلف ہے۔
- یہ پہچان سکیں کہ سکول، آبادیاں اور ذرائع آمد و رفت وقت کے ساتھ کیسے تبدیل ہوئے (دی گئی تصاویر سے)۔
- واقعات کو تاریخ وار ترتیب دے سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "بدلتی دُنیا" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- لوگ جھونپڑیوں میں رہتے تھے۔
- لوگوں نے آگ دریافت کی۔
- لوگ کھانے کے لیے خریداری کرتے تھے۔
- لوگ خانہ بدوش تھے وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے تھے۔
- لوگ کھانے کے لیے جانوروں کا شکار کرتے تھے۔
- لباس کے لیے جانوروں کی جلد کا استعمال کرتے تھے۔

طلبہ کو جواب دینے میں مدد فراہم کریں اور ان کی حوصلہ افزائی بھی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 75 سے متن کی دہرائی کروائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔

- طلبہ کو زمانہ قدیم کے بارے میں بتائیں۔ انھیں متن کی مدد سے بتائیں کہ زمانہ قدیم کے لوگ کہاں رہتے تھے، کیا کرتے تھے اور اپنی خوراک کہاں سے اور کیسے حاصل کرتے تھے۔ انھیں بتائیں کہ وہ لوگ جنگلوں اور غاروں میں رہتے تھے۔ اُن کے پاس موجودہ دور کی طرح گھر، خوراک اور مختلف سہولیات موجود نہیں تھیں۔ نہ ہی وہ لوگ کسی خاص پیشے سے منسلک تھے۔
- انھیں فلیش کارڈز دکھائیں اور بتائیں کہ ماضی میں لوگ اوزار یا ہتھیار کس لیے بناتے تھے۔ وہ خوراک حاصل کرنے کے لیے جانوروں کا شکار کرتے تھے۔ شکار کرنے کے لیے انھیں پتھروں سے بنے نوکیلے اوزار بنانے پڑتے، وہ اناج پیسنے کے لیے پتھر سے چکی بناتے۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز (تصاویر) کانسی کے زمانے کے لوگوں کے اوزار، رہائش، استعمال کی چیزوں کے بارے میں آگاہ کریں۔ انھیں بتائیں کہ پتھر کے زمانے کے اختتام کے قریب پتھر کا نیا زمانہ جسے انگریزی زبان میں (Neolitic Age) بھی کہا جاتا ہے، کا آغاز ہوا۔ انھیں بتائیں کہ اس زمانے میں دریاوں کے کناروں پر بسنے کی وجہ سے کھیتی باڑی کا آغاز ہوا اور اسی زمانے میں جانوروں کو سدھایا گیا۔ اس زمانے میں لوگوں نے چھوٹے چھوٹے گروہوں کی شکل میں مستقل رہائش اختیار کی لیکن اس دور میں بھی انسان دھات کے استعمال سے ناآشنا رہا۔ اس زمانے بعد کانسی کا دور شروع ہوا۔ بچوں کو کانسی کے زمانے کے بارے بتائیں کہ اس زمانے میں دھاتوں میں سب سے پہلے استعمال ہونے والی دھات تانبا اور کانسی تھی۔ کانسی، تانبے اور قلعی کے مرکب سے تیار کی جاتی تھی اور زیادہ مضبوط اور مقبول تھی اس لیے اسے کانسی کا زمانہ کہا جاتا ہے۔ انھیں بتائیں کہ کانسی کا استعمال اوزار اور گھریلو استعمال کی چیزیں بنانے میں کیا جاتا تھا لیکن اس کے ساتھ ساتھ پتھر کے اوزار بھی استعمال کیے جاتے تھے اس لیے اسے Chacolithic بھی کہا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیں کہ وادی سندھ کی مشہور تہذیب کا تعلق اسی دور سے ہے۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز (تصاویر) کی مدد سے لوہے کے زمانے کے لوگوں کے اوزار، رہائش، استعمال کی چیزوں کے بارے میں آگاہ کریں۔ طلبہ کو لوہے کے زمانے کے بارے میں بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ کانسی کی جگہ لوہے نے لی۔ جس کے بعد روزمرہ کی استعمال کی چیزیں اور اوزار بنانے میں لوہے کا استعمال شروع ہوگیا۔
- طلبہ کو جماعت کے سامنے آنے کی دعوت دیں۔
- انھیں تختہ تحریر پر ابتدائی انسانی تاریخ کے تین ادوار کو زمانی لحاظ سے ترتیب لکھنے کو کہیں۔

پتھر کا زمانہ The Stone Age　　کانسی کا زمانہ The Bronze Age

لوہے کا زمانہ The Iron Age

- طلبہ کو کتاب پر دی ہوئی تصاویر دکھائیں۔ انھیں متن کی مدد سے بتائیں کہ کیسے ان تین ادوار سے گزرنے کے ساتھ ساتھ انسانوں کے رہن سہن اور سہولیات میں تبدیلی آئی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ گزرا ہوا زمانہ ماضی کہلاتا ہے اور ہمارا حال وہ وقت ہے جو موجودہ ہے۔
- انھیں بتائیں کہ موجودہ دور کو سائنسی دور بھی کہا جاتا ہے۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ماضی اور حال میں ہونے والی ترقی اور تبدیلیوں کے بارے میں بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ انسان وقت کے ساتھ ساتھ ترقی کرتا چلا جاتا ہے جیسا کہ زراعت، صنعت، نقل و حمل، تعلیم اور مواصلات کے میدان میں بہت ترقی کی۔ آج ہم تعلیم اور لوگوں کے رہن سہن اور زراعت میں ہونے والی تبدیلیوں کا موازنہ کریں گے۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز دکھائیں اور دیے ہوئے متن کی مدد سے بتائیں کہ کسان کھیتوں میں فصلیں اگانے کے لیے ماضی میں استعمال کرتے تھے اور حال میں کیا کیا استعمال کر رہے ہیں۔ جیسا کہ ماضی میں کاشت کاری کے لیے کسان ہل چلاتا تھا اور کھیتی باڑی کے لیے بہت سادہ اوزاروں اور مشینوں کے استعمال کرتا تھا اور کھیتوں میں ہل چلانے کے لیے بیل جبکہ موجودہ دور میں کسان کاکاشت کاری کے لیے بہت سے جدید اوزاروں اور مشینوں کا استعمال کرتے ہیں۔ بچوں کو ان اوزاروں اور مشینوں کے استعمال کے فائدے بتائیں جیسا کہ ان ایجادات کی مدد سے مشکل کام آسان ہو گئے ہیں اور پیداوار میں اضافہ ہو گیا ہے۔

| **اعادہ:** | **2منٹ** |
|---|---|

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| **جائزہ:** | **6منٹ** |
|---|---|

طلبہ سے پوچھیں/لکھوائیں: ماضی اور حال کی زندگی کس طرح مختلف ہے؟

| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |
|---|---|

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |
|---|---|

اخبارات، رسائل اور انٹرنیٹ سے ماضی اور حال کے رہن سہن، سکول اور ذرائع نقل و حمل کے متعلق تصاویر جمع کریں اور چارٹ پر چسپاں کر کے کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 4 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: بدلتی دُنیا

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ جان سکیں کہ موجودہ دور کی زندگی، خوراک، ذرائع ابلاغ اور لباس وغیرہ کے لحاظ سے ماضی سے مختلف ہے۔
- یہ پہچان سکیں کہ سکول، آبادیاں اور ذرائع آمد و رفت وقت کے ساتھ کیسے تبدیل ہوئے (دی گئی تصاویر سے)۔
- واقعات کو تاریخ وار ترتیب دے سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "بدلتی دنیا" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- ابتدائی انسانی تاریخ کے کتنے ادوار ہیں؟ نام بتائیں۔
- پرانے وقتوں میں آگ انسان کے لیے کس طرح فائدہ مند ثابت ہوئی؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 75 سے متن کی دہرائی کروائیں۔ اور سبق کی وضاحت کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ گزرا ہوا زمانہ ماضی کہلاتا ہے اور ہمارا حال وہ وقت ہے جو موجودہ ہے۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ماضی اور حال میں ہونے والی ترقی اور تبدیلیوں کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں متن کی مدد سے سکولوں اور تعلیمی سہولیات میں آنے والی تبدیلیوں کے بارے میں بتائیں۔
- سبق میں "سوچ کر بتائیں" کے عنوان کے تحت طلبہ سے سوال کریں اور ان کو جواب دینے کا موقع دیں۔

- ماضی اور حال میں ہونے والے ترقی اور تبدیلی کو سمجھانے کے لیے تختہ تحریر پر ماضی اور حال سے متعلق معلومات فراہم کرنے کے لیے دو کالم بنائیں۔
- فلیش کارڈز متن کی مدد سے ماضی اور حال میں ہونے والی ترقی اور تبدیلیوں کی فہرست بنائیں۔

| ماضی | موجودہ دور |
|---|---|
| سکول/تعلیمی سہولیات | |
| سکول میں ایک کمرہ، ایک استاد، محدود تعلیمی سہولیات | سکول میں کئی کمرے اور کھیل کے میدان، تعلیمی اور تفریحی اور ثقافتی سرگرمیاں، تجربہ گاہیں، کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور دیگر سہولیات |
| لوگوں کا رہن سہن | |
| کچے مکان، کچے راستے | پکے مکان، پکی سڑکیں، شاہرائیں، ہسپتال، سکول، دفاتر، بجلی اور گیس جیسی سہولیات |
| زراعت | |
| ہاتھوں سے کام اور بیلوں کے ذریعے سے ہل چلانا | کاشت اور کٹائی کے لیے ٹریکٹر اور جدید مشینری اور جدید زرعی آلات |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

ماضی اور حال میں سکولوں میں سہولیات کی تبدیلی کے بارے میں بتائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائیں کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے کہیں کہ انٹرنیٹ، اخبارات یا پرانی کتابوں سے تصاویر لے کر چارٹ پیپر پر چسپاں کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام: _____ |

سبق کا نام: بدلتی دُنیا

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان سکیں کہ موجودہ دور کی زندگی، خوراک، ذرائع ابلاغ اور لباس وغیرہ کے لحاظ سے ماضی سے مختلف ہے۔
- یہ پہچان سکیں کہ سکول، آبادیاں اور ذرائع آمد و رفت وقت کے ساتھ کیسے تبدیل ہوئے (دی گئی تصاویر سے)۔
- واقعات کو تاریخ وار ترتیب دے سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''بدلتی دنیا'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

نقل و حمل سے کیا مراد ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو نقل و حمل کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ سامان اور لوگوں کو ایک جگہ لے جانے کے لیے استعمال ہونے والی مختلف قسم کی سواریوں کو نقل و حمل کہا جاتا ہے۔ انھیں ذرائع نقل و حمل کی اہمیت سے آگاہ کریں۔ انھیں بتائیں کہ نقل و حمل کے تین مختلف ذرائع ہیں:

☆ زمینی ☆ ہوائی ☆ سمندری/بحری

- انھیں کتاب کے صفحہ نمبر 79 میں دی ہوئی ماضی سے حال تک ذرائع نقل و حمل میں ہونے والی مختلف تبدیلیوں کی تصویریں دکھائیں اور اس کے بارے میں وضاحت کریں۔ انھیں بتائیں کہ ماضی میں لوگ میلوں پیدل سفر کرتے تھے یا گھوڑے اور بیل گاڑی کا استعمال کرتے تھے۔ انھیں ماضی کی سڑکوں کا موازنہ حال کی

سڑکوں سے کر کے بتائیں کہ آج کے دور میں پکی سڑکیں ہیں۔ انھیں متن کی مدد سے بتائیں کہ دور جدید میں آمدورفت کے لیے کاریں، بسیں، ویگنیں، ٹرینیں، ہوائی جہاز اور میٹرو بسیں وغیرہ عام ہیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ جدید ذرائع آمدورفت کی ہماری زندگی میں بہت اہمیت ہے کیونکہ ان کے استعمال سے انسان دنوں کے سفر کو چند گھنٹوں اور گھنٹوں کے سفر کو منٹوں میں طے کر سکتا ہے۔

- طلبہ سے کہیں کہ ماضی اور حال میں استعمال ہونے والے ذرائع آمدورفت کے نامون کی فہرست بنائیں کہ آج کے دور میں استعمال ہونے والے ذرائع آمدورفت کس طرح پرانے دور کے ذرائع آمدورفت سے مختلف ہیں۔
- فلیش کارڈز میں دی ہوئی ذرائع آمدورفت کی تصاویر طلبہ کو دکھائیں اور ان کا ماضی اور حال میں ہونے والی تبدیلی کے بارے میں بتائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (i) (ii) اور (iii) طلبہ سے کاپی میں تحریر کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

بچوں میں ورک شیٹ تقسیم کریں اور ان کو ہدایت دیں کہ ورک شیٹ کو گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

**سر گرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کسی قریبی عجائب گھر یا تاریخی مقام کی سیر کریں اور وقت کے ساتھ رونما ہونے والی تبدیلیوں کا مشاہدہ کریں۔ نتائج کو ایک پیرا گراف کی صورت میں اپنی کاپی میں لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام: ________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: بدلتی دنیا |

سوال 1: دی گئی آمدورفت کی تصویروں کو غور سے دیکھیں۔ ہر تصویر کے نیچے ماضی کی سواری یا حال کی سواری لکھیں۔

